# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

## نوٹیفکیشن58/19

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم ودہم (سالانہ) 2020ء کے شروع ہونے کی تاریخ 22-02-2020 ہے۔ مذکورہ امتحان میں شرکت کے لیے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم معہ امتحانی فیس کی وصولی بارے شیڈول حسب ذیل ہے۔

### آغاز امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (سالانہ) 22-02-2020

| نمبر شمار | تصریحات | شیڈول |
|---|---|---|
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تاریخ | 11 نومبر 2019ء تا 06 دسمبر 2019ء |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تاریخ | 07 دسمبر 2019ء تا 16 دسمبر 2019ء |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تاریخ | 17 دسمبر 2019ء تا 23 دسمبر 2019ء |

### مذکورہ بالا امتحانات کے سلسلہ میں شرح فیس داخلہ

| گروپ | فیس نہم (پارٹ I) | فیس دہم (پارٹ II) | نہم ودہم (دونوں کلاسز) / کمپوزٹ داخلہ فیس |
|---|---|---|---|
| سائنس گروپ ریگولر | =/650 روپے | =/650 روپے | =/1300 روپے |
| آرٹس گروپ ریگولر | =/600 روپے | =/600 روپے | =/1200 روپے |
| آرٹس گروپ ریگولر معہ پریکٹیکل مضامین | =/650 روپے | =/650 روپے | =/1300 روپے |
| آرٹس گروپ پرائیویٹ بغیر پریکٹیکل مضمون | =/650 روپے | =/650 روپے | =/1300 روپے |
| آرٹس معہ پریکٹیکل مضمون/مضامین | =/700 روپے | =/700 روپے | =/1400 روپے |
| سائنس گروپ پرائیویٹ | =/700 روپے | =/700 روپے | =/1400 روپے |
| سرٹیفکیٹ (سند) فیس ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کے لیے | | =/550 روپے مذکورہ فیس جماعت دہم کا امتحان دینے والے امیدواران کو صرف ایک مرتبہ داخلہ فیس کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔ | |
| رجسٹریشن فیس | | =/1000 روپے مذکورہ فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر عائد وصول کی جائے گی۔ | |
| پروسیسنگ فیس جماعت نہم ودہم گورنمنٹ/الحاق شدہ ادارے | | =/395 روپے فی طالب علم | |
| پروسیسنگ فیس جماعت نہم ودہم پرائیویٹ امیدواران | | =/395 روپے فی طالب علم | |

**اہم قواعد وہدایات:۔**

(1)۔ امتحان سیکنڈری سکول (نہم/دہم) سالانہ 2020ء کے لیے ریگولر امیدواران کا تمام Data بورڈ آفیشل Web Site پر Upload کر دیا گیا ہے۔ ادارہ جات اپنے داخلہ فارم پرنٹ کریں اور ان کو مکمل کر کے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں جمع کروائیں۔

(2) امتحان سیکنڈری سکول (نہم/دہم) سالانہ 2020ء کے لیے پرائیویٹ امیدواران اپنے داخلہ فارم بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ www.bisegrw.com پر آن لائن بھجوانے کے بعد انکی ہارڈ کاپی جو ایک پرت پر مشتمل ہوگی کو تصدیق کروا کر حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچز میں سے کسی ایک برانچ میں جمع کرانا ہوگا۔ بینک اس فارم سے فیس جمع کرانے کی ایک رسید امیدوار کو دے گا اور داخلہ فارم اپنے پاس رکھے گا۔ فیس جمع کرانے کی رسید ہی داخلہ فارم کی وصولی کی رسید تصور ہوگی۔

(3) حکومت پنجاب نے پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدواران کو رجسٹریشن اور امتحانی فیس سے مستثنیٰ قرار دیا ہے۔ **تاہم**
(ا) اگر کسی امیدوار کا داخلہ، فیس شیڈول کے مطابق دوسرے یا تیسرے فیز میں آیا تو اس سے مروجہ فیس شیڈول کے تحت وصول کی جائے گی۔

جاری ہے۔۔۔

Result.pk

(ii) ریگولر امیدواران جماعت نہم کے امتحان کے لیے پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے جمع کرائیں گے۔

(iii) پرائیویٹ امیدواران نہم کے امتحان کے لیے پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے کے ساتھ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

(iv) ریگولر امیدواران جو جماعت نہم کے امتحان میں فیل ہونے کے بعد دوبارہ جماعت نہم میں Re-Admit ہوں وہ بھی داخلہ فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے جمع کروائیں گے۔ جبکہ پرائیویٹ امیدواران جو دوبارہ جماعت نہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ داخلہ فیس + رجسٹریشن فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے جمع کروائیں گے۔

(4) پبلک سیکٹر کے ایسے ریگولر امیدواران جنہوں نے جماعت نہم 2019ء میں 33% سے کم نمبر حاصل کئے اور جماعت دہم کے ساتھ جماعت نہم کے ان مضامین کا بھی امتحان دے رہے ہیں تو انہیں پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/550 روپے کے علاوہ داخلہ فیس نہم بھی جمع کروانی ہوگی البتہ پرائیویٹ سیکٹر کے الحاق شدہ ادارے پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس کے علاوہ دونوں پارٹس (نہم، دہم) کی داخلہ فیس بھی جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

(5) پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدواران جو کلاس دہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/550 روپے جمع کروائیں گے۔ علاوہ ازیں پرائیویٹ سیکٹر کے الحاق شدہ ادارے اور پرائیویٹ امیدواران پروسیسنگ فیس مبلغ =/395 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/550 روپے کے علاوہ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

(6) ایسے Re-Appear امیدواران جو ایک یا دو فیل شدہ مضمون/مضامین کا امتحان دے رہے ہیں جن کا پریکٹیکل نہیں ہے مگر اس سے پہلے وہ پریکٹیکل والا مضمون پاس کر چکے ہیں تو انہیں سائنس گروپ کیٹیگری میں داخلہ فیس جمع کروانا ہوگی۔

(7) امتحان میں دوبارہ شامل ہونے والے ریگولر/پرائیویٹ امیدواران اپنا سابقہ رولنمبر بمعہ سال کے ساتھ بورڈ ہذا کی ویب سائٹ سے اپنا داخلہ فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

(8) داخلہ فیس ہمراہ داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک حبیب بنک کی نامزد کردہ برانچز میں وصول ہونا لازمی ہے۔

(9) جمع شدہ فیس ناقابلِ واپسی ہوگی۔

(10) کوئی بھی ادارہ/امیدوار (Double) داخلہ فارم بھجوانے کا مجاز نہ ہوگا۔ ایسا کرنے پر بورڈ کے نوٹیفکیشن نمبر 46/17 مورخہ 26-10-17 کے تحت ان کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(11) سربراہ ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ وہ داخلہ فارم پر اصل امیدوار کے دستخط و نشان انگوٹھا وغیرہ ثبت کروائیں۔ تصدیق کے بعد غلط ثابت ہونے پر سربراہ ادارہ جات کے خلاف قواعد کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(12) سربراہ ادارہ جات سے اس امر کو یقینی بنانے کی بھی درخواست ہے کہ وہ فون نمبر/ موبائل نمبر کے کالم میں امیدوار کا فون نمبر یا اس کے والد/ گارڈین کا فون نمبر ہی درج کریں۔

(13) درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

(14) ایسے امیدواران جو دہم میں شامل امتحان ہو چکے ہوں وہ صرف جماعت نہم کا نہ تو داخلہ فارم دوبارہ بھجوا سکتے ہیں اور نہ ہی امتحان دے سکتے ہیں۔

Result.pk

۔دستخط۔

**(پروفیسر ناصر محمود اعوان)**

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ جملہ سیکرٹریز انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ، پاکستان

2۔ گوجرانوالہ بورڈ کی حدود میں واقع تسلیم شدہ ہائیر سیکنڈری سکولز/ سیکنڈری سکولز کے سربراہان

3۔ جناب اسٹیشن کمانڈر، گوجرانوالہ کینٹ

4۔ جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ

5۔ جناب مینجر، حبیب بنک لمیٹڈ بورڈ کیمپس اور دوسری برانچز کیلئے 50 کاپیاں

6۔ سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)

7۔ داخلی تقسیم

Kaleem

**آفس سپرنٹنڈنٹ (اکیڈمک)**

مورخہ 09-11-2019